ilmkidunya

علم کی دنیا

Education - FA Part 1 Physical Education English Medium Chapter 9 Short Questions Preparation

Q1. مقاصد تعلیم کو تعلیم کا سب سے اہم عنصر کیوں کہا جاتا ہے؟

Ans 1: نظام تعلیم کا سب سے اہم عنصر مقاصد تعلیم ہیں.تعلیم کے باقی تمام تعلیم کے باقی تمام عناصران ہی مقاصد کے حصول کے لئے کام کرتے ہیں،یہی مقاصد باقی تمام عناصر کو آپس میں مربوط اور ہم آہنگ کرتے ہیں.

Q2. علامہ اقبال نے تعلیم کی تعریف کن الفاظ میں کی؟

Ans 1: ????? ????? ?? ????? ?? ????? ??? ???? ???? ??? ?? ?? ?????? ????? ?? ????? ?? ????? ??? ???? ??.

Q3. رضائے الہی کے حصول سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: تعلیم کا مقصد اللہ کی رضا کا حصول ہے،تمام اعمال صرف اللہ کی خوشنودی کے لئے ہونے چاہئیں.اخلاص نیت کے ساتھ چھوٹا عمل بھی بہت بڑی نیکی شمار ہوگا اور منافقت کی صورت میں ایک بڑا عمل بھی وبال ثابت ہو گا،

Q4. تعلیم کی جامع تعریف لکھیں .

Ans 1: تعلیم ایک ایسا عمل ہے جو متعلم کی تمام صلاحیتوں کے اظہار اور ہمہ پہلو نشونما کے نتیجے میںاس کی شخصیت کی تکمیل کرتا ہے اور اس کی سیرت وکردار کی اس طرح تشکیل کرتا ہے کہ وہ معاشرے میں اپنی انفرادی و اجتماعی زندگی ایک کامیاب شہری کی حیثیت سے بسر کرنے کے قابل ہوجائے.

Q5. پیشہ وارانہ تعلیم سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: معاشرہ عمومی تعلیم کے ذریعے اپنی تہذیب و ثقافت اور اپنی اقدار و روایات نسل نو تک منتقل کرتاہے لیکن تمدنی ضروریات کی تکمیل اس سے ممکن نہیں ہوتی لہذا وہ زندگی کے مختلف شعبوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے پیشہ وارانہ تعلیم کا اہتمام کرتا ہے.

Q6. انٹرنیٹ کے دو فوائد لکھیں.

Ans 1: 1.انٹرنیٹ کے ذریعے ہر قسم کی معلوماتحاصل کی جا سکتی ہے. 2.اب دنیا کی بڑی بڑی لائبریروں سے انٹرنیٹ کے ذریعے استفادہ حاصل کیا جا سکتا ہے.

Q7. اخلاق حسنہ اور تزکیہ نفس سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: طالب علم.اسلامی عقائد و عبادات اور فہم دین کے ساتھ ساتھ اپنی سیرت و کردار ،عادات و اطوار اور عملی زندگی ایک اسلامی ریاست کے با شعور اور با کردار مسلمان شہری کی حیثیت سے بسر کرنے کے قابل ہوں.

Q8. تعلیم کس طرح سیاسی بصیرت و شعور پیدا کرتی ہے؟

Ans 1: تعلیم کے مقاصد میں ایک اہم مقصد یہ بھی ہے کہ نسل نو میں اپنے قومی مسائل کا شعور ہو اور وہ سیاسی بصیرت کا مظاہرہ کر سکیں،اپنی قیادت کے انتخاب میں اہلیت .اعلیٰ معیار اور اچھی صفات کے حامل افراد کو منتخب کر کہ ایک جمہوری معاشرے کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کر سکیں.

Q9. ثانوی تعلیم یا سیکنڈری تعلیم سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: دسویں جماعت تک تعلیم کو ثانوی اور بارہویں جماعت تک تعلیم کو اعلٰی ثانوی یا ہائیر سیکنڈری ایجوکیشن کہتے ہیں.

Q10. نظام تعلیم سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: نظام تعلیم سے مراد تعلیم سے متعلقہ عناصر کا ایسا مجموعہ ہے جو باہمی طور پر مربوط انداز میں تسلسل کے ساتھ مقاصد کے حصول کے لیے ایک یونٹ کی شکل میں کام کرتا ہے.